DIRECTORS' REVIEW

The directors of your Company are pleased to present their review on the affairs of the Company for the 2nd quarter and half year ended December 31, 2019.

Financial Results:

During the period under review, the company introduced a new model of three wheeler – "Cargo Loader" with three variants in order to cope with the prevailing economic conditions. Despite of the tough competition in this segment, the company has received a positive response from the market because of its excellent designing, durability and quality. The sales volumes of these products are increasing gradually.

During the 2nd quarter, the sales has increased by 2.24% from Rs. 553.34M to Rs. 565.76M, gross profit by 22.70% from Rs. 54.15M to Rs. 66.44M and pre-tax profit by 13.35% from Rs. 5.23M to Rs. 5.93M compared with corresponding period of last year.

The half year sales has decreased by 15.35% from Rs.1,391.53M to Rs.1,178.00 M, gross profit by 5.53% from Rs. 144.12 M to Rs.136.15M, and pre-tax profit by 63.64% from Rs. 45.63M to Rs. 16.59M and earning per share from Rs 1.52 to Rs. 0.62 as compared with the corresponding period of last year. The reduction in pre-tax profit is due to finance cost on long & short term banking facilities.

During the 2nd quarter and half year, the Company produced 3,565 & 6,044 units of Three Wheeler whereas during the corresponding periods of last year, the production was 3,767 and 8,225 units respectively.

The production of wheel rims was 14,618 & 37,298 in 2nd quarter and half year whereas the production of wheel rims during the same corresponding periods was 16,069 and 33,278 respectively. During the 2nd quarter, the booking of tractors dropped substantially forcing the announcement of shut down by Massey Tractor assembler for a period of more than one month.

Progress on Four Wheeler Project:

The work on setting up of four wheeler project is continuing at a fast pace to achieve the estimated date of its completion. The company has also started brand awareness campaign on a small scale which will be increased in an effective and efficient manner with the passage of time.

Declaration of Right Issue:

The Board of Directors of the Company in their meeting held on February 07, 2020 has decided to issue 65.8418140217 Right Shares for every 100 ordinary shares held i.e. 65.8418140217% at par value of Rs. 10/- per share and Rs. 40/- as premium (i.e. Rs. 50/- per share) to raise funds of Rs. 710.00 million. These funds will be utilized to complete the project in time by procurement of plant & machinery, repayment of some portion of loan and to finance the working capital partially.

Showcasing of Electric Three Wheeler:

The Company has successfully developed an EV Three Wheeler indigenously except for the electric kit. Its showcasing event was held in January 2020 which was attended and appreciated by higher Government officials, business and social community. The commercial production will be started after the approval of EV Policy by Government of Pakistan depending upon its market feasibility.

Future Outlook:

By the Grace of Almighty Allah, the demand of three wheeler has started to improve compared with the previous periods. Moreover, the Massey Tractor assembler has also resumed its production. The stability in USD –Pak Rupee exchange rate has restored the confidence of business community to some extent, however, higher rates of inflation and borrowing are still big challenges for the businesses.

The Company expects stability in economic conditions in the future period which will contribute in increasing the sales volume and profitability, Insha Allah.

The directors would like to place on record their appreciation for the untiring efforts, teamwork and dedication shown by the company's employees during the period under review. They would also like to express their gratitude to the valued shareholders, customers, suppliers and financial institutions for their co-operation, constant support and trust on the Company.

For and on behalf of the Board

Lahore
Dated: 07-02-2020

Mian Asad Hameed	**Saeed Iqbal Khan**
(Chief Executive)	(Director)

ڈائریکٹرز کا جائزہ

آپ کی کمپنی کے ڈائریکٹرز 31 دسمبر 2019 کو مکمل ہونے والی دوسری سہ ماہی اور ششماہی کے لئے کمپنی کے معاملات پر بخوشی اپنا جائزہ پیش کرتے ہیں۔

مالیاتی نتائج:

اس جائزہ عرصہ کے دوران، موجودہ معاشی حالات سے نمٹنے کے لئے کمپنی نے تھری ویلر "کارگولوڈر" کا ایک نیا ماڈل تین مختلف خصوصیات کے ساتھ متعارف کرایا ہے۔ اس مارکیٹ حصہ میں سخت مقابلے کے باوجود، کمپنی کو اس کی عمدہ ڈیزائننگ، پائیداری اور معیار کی وجہ سے مارکیٹ سے مثبت جواب ملا ہے۔ ان مصنوعات کی فروخت کی مقدار بتدریج بڑھ رہی ہے۔

دوسری سہ ماہی کے دوران، کمپنی کی مجموعی فروخت 2.24 فی صد اضافہ کے ساتھ پچھلے مالیاتی سال کی دوسری سہ ماہی کے مقابلہ میں 553.34 ملین روپے سے بڑھ کر 565.76 ملین روپے ہوگئی ہے، مجموعی منافع 22.70 فی صد اضافہ کے ساتھ 54.15 ملین روپے سے بڑھ کر 66.44 ملین روپے ہوگیا ہے، قبل از ٹیکس منافع 13.35 فی صد اضافہ کے ساتھ 5.23 ملین روپے سے بڑھ کر 5.93 ملین روپے ہوگیا ہے۔

اس سال کی ششماہی کے دوران مجموعی فروخت 15.35 فیصد کمی کے ساتھ پچھلے مالیاتی سال کی ششماہی کے مقابلہ میں 1,391.53 ملین روپے سے کم ہوکر 1,178.00 ملین روپے ہوگئی ہے، مجموعی منافع 5.53 فی صد کمی سے 144.12 ملین روپے سے کم ہوکر 136.15 ملین روپے ہوگیا ہے، قبل از ٹیکس منافع 63.64 فی صد کمی سے 45.63 ملین روپے سے کم ہوکر 16.59 ملین روپے ہوگیا ہے اور آمدنی فی حصص 1.52 روپے سے کم ہوکر 0.62 روپے ہوگئی ہے۔ قبل از ٹیکس منافع میں کمی طویل اور قلیل مدتی بینکاری سہولیات پر مالیاتی لاگت کی وجہ سے ہے۔

کمپنی نے پچھلے سال کی دوسری سہ ماہی اور ششماہی میں بالترتیب 3,767 عدد اور 8,225 عدد تھری ویلر کی پیداوار کے مقابلہ میں اس سال دوسری سہ ماہی اور ششماہی میں بالترتیب 3,565 عدد اور 6,044 عدد تھری ویلر بنائے۔

کمپنی نے پچھلے سال کی دوسری سہ ماہی اور ششماہی میں بالترتیب 16,069 عدد اور 33,278 عدد ویل رمز کی پیداوار کے مقابلہ میں اس سال دوسری سہ ماہی اور ششماہی میں بالترتیب 14,618 عدد اور 37,298 عدد ویل رمز کی پیداوار کی۔ دوسری سہ ماہی کے دوران، ٹریکٹرز کی بکنگ میں کافی کمی آئی جس نے میسی ٹریکٹرز بنانے والی کمپنی کو ایک ماہ سے زیادہ مدت کے لئے بند ہونے پر مجبور کیا۔

فورویلر منصوبے پر ترقیاتی کام:

فورویلر منصوبے کے قیام کی متوقع تاریخ پر تکمیل حاصل کرنے کے لئے تیزی سے کام جاری ہے۔ کمپنی نے چھوٹے پیمانے پر برانڈ بیداری مہم بھی شروع کر دی ہے جسے وقت گزرنے کے ساتھ کارگر اور موثر انداز میں بڑھایا جائے گا۔

رائٹ ایشو کا اعلان:

کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 07 فروری 2020ء کو اپنے منعقدہ اجلاس میں 710.00 ملین روپے کا فنڈ جمع کرنے کے لئے 65.8418140217 حصص ہر 100 حصص کے عوض یعنی 65.8418140217 فی صد، -/10 روپے فی برابری حصص اور -/40 روپے فی پریمیم حصص (یعنی -/50 روپے فی حصص) جاری کرنے کا فیصلہ کیا

ہے۔ان فنڈز کو پلانٹ اینڈ مشینری کی خریداری، قرض کے کچھ حصے کی ادائیگی اور جزوی طور پر ورکنگ کیپٹل کی مالی اعانت کے ذریعے منصوبے کو بروقت مکمل کرنے کے لئے استعمال کیا جائے گا۔

الیکٹرک تھری ویلر کی نمائش:

کمپنی نے الیکٹرک کٹ کے سوا مقامی طور پر ای وی تھری ویلر کامیابی کے ساتھ تیار کیا ہے۔ اسکی نمائش کا پروگرام جنوری 2020ء میں منعقد ہوا جس میں اعلی سرکاری عہدیداروں، کاروباری اور سماجی برادری نے شرکت کی اور اس کی تعریف کی۔حکومت پاکستان کی جانب سے ای وی پالیسی کی منظوری کے بعد اس کی تجارتی پیداوار کرنے کا انحصار اس کی مارکیٹ فزیبلیٹی پر ہوگا۔

مستقبل پر نقطہ نظر:

اللہ تعالی کے فضل وکرم سے، پچھلے ادوار کے مقابلہ میں تھری ویلر کی طلب میں بہتری آنا شروع ہوگئی ہے۔مزید یہ کہ میسی ٹریکٹر بنانے والی کمپنی بھی اپنی پیداوار دوبارہ شروع کرچکی ہے۔امریکی ڈالر- پاکستانی روپے کے تبادلہ کی شرح میں استحکام نے کاروباری برادری کا اعتماد کسی حد تک بحال کردیا ہے تاہم افراط زر کی شرح اور قرضہ پر زیادہ لاگت اب بھی کاروبار کے لئے ایک بڑا چیلنج ہے۔

انشاءاللہ، کمپنی آئندہ مدت میں معاشی حالات میں استحکام کی توقع کرتی ہے جو فروخت کے حجم اور منافع میں اضافہ کرنے میں معاون ثابت ہوگا۔

ڈائریکٹرز کمپنی کے ملازمین کی انتھک کوششوں، ٹیم ورک اور لگن جس کا اظہار انہوں نے موجودہ عرصہ کے دوران کیا ہے، کے شکر گزار ہیں۔ وہ اپنے معزز حصص داران کاروباری شراکت دار اور مالی اداروں کے کمپنی کے ساتھ مسلسل تعاون کرنے پر بھی شکر گزار ہیں۔

بورڈ آف ڈائریکٹرز کی جانب سے

لاہور
مورخہ 07 فروری 2020

میاں اسد حمید	سعید اقبال خان
چیف ایگزیکٹو	ڈائریکٹر